تبصرے

درس الاسلام پہلا حصہ از جناب مولوی حفیظ الرحمٰن صاحب واصفؔ۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت ۳۲ صفحات طباعت کتابت بہتر۔ قیمت ۴۰ نئے پیسے پتہ: کتب خانہ رحیمیہ اُردو بازار جامع مسجد دہلی ۶۔

حضرت مولانا مفتی محمدؒ کفایت اللہ صاحب دہلویؒ نے تعلیم الاسلام کے نام سے دینی رسالوں کا جو ایک سلسلہ شائع کیا تھا وہ ایک زمانہ میں اتنا مقبول ہوا تھا کہ برصغیر ہندو پاک کے علاوہ برما میں بھی مسلمانوں کے گھر گھر پڑھایا جاتا تھا۔ اور اب بھی سیکڑوں مکاتب اسلامیہ میں داخل نصاب ہے اس سلسلہ کو منظوم کرنے کا عزم مولانا مرحوم کے فرزند ارجمند جناب واصفؔ نے کیا ہے چنانچہ زیر تبصرہ رسالہ تعلیم الاسلام کے پہلے نمبر کا منظوم ترجمہ ہے ترجمہ نہایت کامیاب ہے موصوف نے تعلیم الاسلام ہی کے الفاظ میں معمولی سی تقدیم و تاخیر کر کے اس کو شعر کا جامہ پہنا دیا ہے۔

اس بنا پر اب بچوں اور بچیوں کے لئے اس کا زبانی یاد کر لینا بھی آسان ہو گیا۔ آخر میں مشکل الفاظ کی ایک فرہنگ ہے جس سے رسالہ کی افادیت دوچند ہو گئی ہے امید ہے کہ یہ منظوم تعلیم الاسلام مدارس اسلامیہ میں زیادہ سے زیادہ مقبول ہوگا اور مسلمان بچوں اور بچیوں کو اس سے مزید فائدہ پہنچے گا۔

تذکرہ حضرت مولانا فضل الرحمٰن گنج مرادآبادیؒ از مولانا ابوالحسن علی ندوی تقطیع کلاں ضخامت ۱۵۲ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت دو روپے پچاس نئے پیسے پتہ: مکتبہ دارالعلوم ندوۃ العلماء۔ بادشاہ باغ لکھنؤ۔

حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب گنج مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ چودہویں صدی ہجری کی ابتداء کے مشہور صاحب معرفت و طریقت بزرگ تھے جو اپنے عہد میں تصوف اور طریقت کے ایک اہم مرکز تھے اور جن سے ہندوستان کے علاوہ دوسرے ملکوں کے مسلمانوں نے بھی روحانی استفادہ کیا ہے۔

یہ کتاب حضرت مرحوم کے ہی حالات پر ہے مولانا ابو الحسن علی ندوی کا نام اس کتاب کے استناد کا ضامن ہے عام طور پر صوفیار اسلام کے تذکروں میں جن خارق العادات واقعات کا ذکر ہوتا ہے اس کتاب میں ان سے بہت کم اعتنار کیا گیا ہے اور مولانا کے علم وعمل سے متعلق جو اصل واقعات ہیں اُنھیں پر اکتفا کیا گیا ہے اس حیثیت سے یہ تذکرہ جہاں ارباب معرفت کے دلوں میں نور پیدا کرنے کا باعث ہوگا تاریخی اعتبار سے بھی علمار اور طلبار کے لئے بڑی قابل قدر چیز ہے، اس کتاب کا مطالعہ ہم خرما وہم ثواب کا مصداق ہوگا۔

برگ گل تقطیع متوسط۔ ضخامت ۳۰۹ صفحات۔ طباعت وکتابت دیدہ زیب (ٹائپ) قیمت مندارد۔ پتہ: اُردو کالج کراچی (پاکستان)

اُردو کالج کراچی کا مجلہ بابت ۱۹۵۵-۵۶ء برگ گل کے نام سے ہماری نظروں کے سامنے ہے۔ یہ مجلہ اسم بامسمیٰ اور ہر لحاظ سے مجلس ادارت کے حسن ذوق کا آئینہ دار نیز کالج کے اساتذہ طلبہ وطالبات کی علمی وادبی دلچسپیوں کا خوشنما مرقع ہے۔ سبد گل، زر گل، برگ سبز، آتش گل، رنگ بوستاں یہ عنوانات ہیں مجلہ کے مختلف حصّوں کے جن میں بلند پایہ علمی وادبی مقالات، غزلیات، منظومات اور افسانے الگ الگ ترتیب دیئے گئے ہیں۔ "رنگ بوستاں" کالج کی مختلف انجمنوں کی روئدادوں پر مشتمل ہے اور اخیر میں "طائران چمن" کی تصویریں ان کی علمی وعملی زندگی کے گوناگوں پہلوؤں کو ظاہر کر رہی ہیں۔ بحیثیت مجموعی یہ مجلہ بڑا ہی وقیع ہے اور ارکین ادارہ لائق مبارک باد ہیں کہ نہ صرف معنوی بلکہ ظاہری خوبیوں کے لحاظ سے بھی انھوں نے مجلہ کو باغ وبہار بنا کر پیش کیا ہے۔

رہنمائے قرآن

اسلام اور پیغمبر اسلام صلعم کے پیغام کی صداقت کو سمجھنے کے لئے اپنے رنگ کی یہ بالکل جدید کتاب ہے جو خاص طور پر غیر مسلم یوریین اور انگریزی تعلیم یافتہ اصحاب کے لئے لکھی گئی ہے۔ مؤلف نواب نظامت جنگ مرحوم مترجم ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب جدید ایڈیشن۔ قیمت ایک روپیہ۔